تعارف وتبصرہ

۱۔ علم وہدایت کے چراغ
۲۔ نظامِ حق کے معمار

مصنف: مولانا عبد الرحمٰن پرواز اصلاحی
صفحات: بالترتیب ۱۴۲، ۱۵۰ سائز $\frac{20\times 30}{16}$
دار الکتاب پبلیکیشنز، بمبئی
قیمت بالترتیب آٹھ اور بارہ روپے

محترم مولانا عبد الرحمٰن صاحب پرواز اصلاحی کی یہ دو مختصر کتابیں خاص طور پر اصلاح و تربیت کے مقصد سے لکھی گئی ہیں اور دار الکتاب پبلیکیشنز نے انھیں صاف ستھری اور عمدہ کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ ان کی نوعیت واضح کرتے ہوئے اوّل الذکر کے 'مقدمہ' میں موصوف نے لکھا ہے:

یہ کتاب نہ کوئی باقاعدہ تصنیف ہے اور نہ علمی و ادبی کتاب۔ بلکہ عربی، فارسی اور اردو کی مستند اور ضخیم کتابوں سے واقعات و قصص کا انتخاب ایک خاص سلیقے اور ترتیب سے کرلیا گیا ہے، اور اس کی حیثیت صرف 'مختارات' کی ہے۔ امید ہے اس سے اسلامی معاشرہ کی اصلاح اور اقامتِ دین کے کام میں مدد ملے گی اور ان لوگوں کے لیے خصوصیت سے یہ کتاب مفید ہوگی جو واقعات و قصص سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ جو بڑی بڑی کتابیں نہیں پڑھ سکتے اور نہ ذہنی و مالی لحاظ سے اتنی استعداد رکھتے ہیں کہ اصل مآخذ سے براہِ راست استفادہ کرسکیں۔ (صفحہ ۸، ۹)

پہلی کتاب میں چار ابواب کے تحت مختلف عنوانات کے ذریعہ تابعین عظام، ائمہ مجتہدین، تبع تابعین اور ائمہ محدثین کے حالات و واقعات انتہائی موثر اور پرکیف انداز میں بیان کیے گئے ہیں۔ دوسری کتاب 'نظام حق کے معمار' میں اسی انداز سے مختلف عنوانات کے تحت حضرات